| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ص‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ص‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ، ساخت بناوٹ سے ’ص‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ص‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ’ص‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی اردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی اور اسے لے کر ’ش‘ تک کا درست تلفظ ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔نوٹ: کتاب صفحہ 2 تا 5 کی سبقی منصوبہ بندی آخر میں دیے گئے اعادہ نہیں کی گئی ہے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ص‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** معلمہ ہاتھ میں حرف ’ص‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔اور بچوں کو السلام علیکم کہہ کر ’ص‘ کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف ’ص‘ ہوں۔دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے اور حرف ’ص‘ کی آدھی شکل Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا ’ص‘ حروف تہجی کا اکیسواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی اور بتایا جائے گا کہ اس کی آواز ’ث اور س‘ کے حروف جیسی ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ص‘ درست بناوٹ تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ص‘ کے ذخیرہ الفاظ صحرا، صندوق، صفحہ اور صراحی فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ص‘ کے اوپر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ص کی ایک آنکھ ہوتی ہے اور س کی طرح بڑا پیٹ ہوتا ہے تختہ سفید/ سیاہ لکیر کھینچ کر بچوں کو حرف ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ’ص‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 6 کھولنے کو کہا جائے گا۔’ص‘ کی پوری شکل پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔’ص‘ کے الفاظ تصاویر کے ذریعے بتائے جائیں گے۔کتاب صفحہ 7 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔’ص‘ کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>6, 7 | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف ’ص‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ص' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ص' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ، ساخت بناوٹ سے 'ص' لکھ سکیں ۔ حرف 'ص' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'ص' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اردو کے"، نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ص' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ص کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو صندوق کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ یہ صندوق ہے۔ یہ کپڑے اور مختلف چیزوں کو رکھنے کے کام آتا ہے۔کیا آپ نے اپنی امی یا دادی کے پاس کوئی صندوق دیکھا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ صندوق کی ابتدائی آواز 'ص' کی ہے۔ بچوں کو صاف، صوفہ صابن کا فلیش کارڈ دکھا کر 'ص' مزید الفاظ بتائے جائیں گے۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر یا میز پر انگلیوں کی مدد سے 'ص' کی پوری اور آدھی شکل بنوایئے تا کہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہوجائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر پلے ڈو کی مدد سے 'ص' کی پوری اور آدھی شکل بنانے کو کہا جائے گا۔حرف 'ص' کے تلفظ کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ 8 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ص' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو خالی صفحہ دے کر پینٹ لگا کر انگلی سے 'ص' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف 'ص' کی پوری شکل کی مشق کروایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 9 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>کتاب صفحہ 8,9<br>پینٹ، خالی صفحہ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ص' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ض' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست بناوٹ /ساخت سے 'ض' لکھ سکیں۔ حرف 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'ض' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی۔**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور 'ا سے لے کر ص' تک کا درست تلفظ صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ض' Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر 'ض' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ض' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔اور حرف 'ض' کی آدھی شکل Puppet Stick Card کے ذریعے دکھائی جائے گی 'ض' حروف تہجی کا بائیسواں حرف ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ض' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ض' کے ذخیرہ الفاظ ضعیف ، ضیافت فلیش کارڈ کے ذریعے کروائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا 'ض' کے ذخیرہ الفاظ کم ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے۔تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی اور بچوں کو حرف 'ض' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا کہ میں بالکل 'ص' جیسا ہوں اور میری آنکھ کے اوپر ایک نقطہ ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 10 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ض' پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔تصاویر کے ذریعے 'ض' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔کتاب صفحہ 11 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔'ض' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 10,11<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ض' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ض' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ض' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست بناوٹ /ساخت سے 'ض' لکھ سکیں۔ حرف 'ض' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ض' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ض' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ض' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ضعیف کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ضعیف آدمی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا بوڑھے انسان کو ضعیف کہتے ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کے گھر میں کوئی ضعیف لوگ رہتے ہیں۔ جیسے آپ کے دادا، دادی، نانا، نانی یہ ضعیف لوگ ہوتے ہیں۔ ہمیں ان کی مدد کرنی چاہیے۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ض' کی پوری اور آدھی شکل بنوایئے تاکہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہوجائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کے دو گروپ بنایئے ٹیم اے اور ٹیم بی اُنھیں تصویری کارڈ دکھا کر کہیے کہ ابتدائی حرف کا نام بتائیں زیادہ تعداد میں درست جواب دینے والے ٹیم فاتح ہوگی۔ بچوں کو کتاب صفحہ 12 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ض' اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ضعیف، ضیافت ضائع کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حروف فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 12<br>تصویری فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ض' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری انیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ص' 'ض' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ص اور ض' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ، ساخت بناوٹ سے 'ص اور ض' لکھ سکیں ۔حرف 'ص اور ض' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔حرف 'ص اور ض' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ص اور ض' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف ص اور ض کی دہرائی کریں گے۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ص اور ض' کی درست بناوٹ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 13 کھولنے کو کہا جائے گا۔ض کی پوری شکل اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ص اور ض' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ص اور ض' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br><br><br>30 منٹ<br><br><br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>Sand Tray<br><br><br>کتاب صفحہ 13 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ص اور ض' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |